بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ہمارا موقف

1- اقبال ایک سچے عاشق رسول ﷺ مسلمان تھے، قومیتِ اسلام میں اُن کی خدمات اُمت پر احسان عظیم ہے۔

اُن کے سچے سنی مسلمان ہونے کا پرچار کرنا اور عشقِ رسول ﷺ و قومیتِ اسلام میں ان کے افکار کا احیاء ہمارا حق ہے۔

2- جسٹس پیر کرم شاہ الازہری کے بارے میں اہل سنت کے ہاں دو طرح کے موقف پائے جاتے ہیں:

(الف) اُن کے بارے میں سکوت کرنے والے

(ب) اُنہیں بعد از توبہ (جس کے دلائل اُنہیں کے پاس ہیں) سچا سنی ماننے والے۔

ہمارے نزدیک یہ دونوں طبقات ہی قابل احترام سنی ہیں اور کسی کی بھی فکرِ رضا (عقیدۂ اہلِ سنت) مشکوک نہیں ہے۔

3- مندرجہ بالا دونوں شخصیات کے بارے میں ذکر کردہ نظریہ رکھنے کی بنیاد پر ہم ایسے نظریہ و فکر کے حامی ہر فرد کی نمازِ جنازہ میں شرکت کو باعثِ ثواب سمجھتے ہیں اور کسی کو بھی "فکرِ رضا" (عقیدۂ اہل سنت) سے ہٹا ہوا نہیں سمجھتے۔

4- غازئ ناموسِ رسالت علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے اقدام کو استحسان کی نظر سے دیکھتے ہیں اور ایسا اقدام اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالنا یعنی فعل حرام کا ارتکاب ہرگز نہیں سمجھتے بلکہ ایسی سوچ و فکر کا سختی سے رد کرتے ہیں۔

5-ان مسائل میں مفتی راشد صاحب سے اختلاف رائے رکھنے والا ہر فرد اِن کے نزدیک فکرِ رضا کا باغی ہے یا صرف حضور کنزالعلماء؟

6-قضیۂ فدک میں روافض کے دعویٰ عصمت پر ان کی تقریر، پھر اس کے رد میں اہل سنت کے موقف کو مفصل تحریراً بیان کرنا مفتی راشد صاحب کی ذمہ داری ہے۔اس کے بعد ہم ان کو اپنا موقف دیں گے۔

7۔ اصل آڈیو میں خیانت کر کے وائرل کی جانے والی قبلہ جلالی صاحب کی آڈیو پر مفصل بیان ہماری تحریر ”کڑوا سچ“ میں آچکا،جس کے بعد مزید کسی ابہام و کلام کی گنجائش نہیں۔

کتبہ:العبدالملتجی والی اللہ المشتکی

محمد زاہد نعمانی

سگِ درگاہِ جیلانی

27-01-2025